ہندوستان کے نائب صدر کا اسلامی جمہوریہ ایران کا دورہ (22 مئی 2024)

21 مئی 2024

ہندوستان کے نائب صدر جناب جگدیپ دھنکھر مورخہ 22 مئی 2024 کو اسلامی جمہوریہ ایران کا دورہ کریں گے جہاں وہ عزت مآب کے المناک انتقال پر تعزیت کے لیے سرکاری تقریب میں شرکت کریں گے۔ عزت مآب صدر ڈاکٹر سید ابراہیم رئیسی، 19 مئی 2024 کو ایک المناک ہیلی کاپٹر کے حادثے میں وزیر خارجہ ڈاکٹر حسین امیر عبد اللھیان اور دیگر ایرانی اہلکار کے ساتھ انتقال فرا گئے تھے۔

ہندوستانی صدر جمہوریہ محترمہ دروپدی مرمو اور وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے ایران کی حکومت اور عوام کے تئیں تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ وزیر خارجہ نے 21 مئی 2024 کو نئی دہلی میں اسلامی جمہوریہ ایران کے سفارت خانے کا دورہ کیا تاکہ اس المناک نقصان پر ہندوستان کی طرف سے تعزیت کی جاسکے۔ ہندوستان میں منگل 21 مئی 2024 کو قومی سوگ کا دن منایا جا رہا ہے۔

نئی دہلی
21 مئی 2024